



آئیے مل کر انٹرنیٹ کا استعمال محفوظ
طریقے سے کریں اور اپنے مستقبل کی
حفاظت کریں۔

Illustrated by: Umair Najeeb Khan | Lubaba Naqvi
Content Direction: Faiq Ahmed, Maliha Jalal, Aatika Saleem, Namir Roziani
Story and Script: Maliha Jalal

# HACKING

# ہیکِنگ




کمپیوٹِر سسٹمز، نیٹ ورکز یا ڈیجیٹل ڈیوائسز میں بغیر اجازت داخل ہونا، تبدیلی کرنا یا استعمال کرنا ہیکِنگ کہلاتا ہے۔ اس میں ٹیکنیکل مہارتیں، علم اور ٹولز کا استعمال ہوتا ہے۔ اس عمل کو انجام دینے والوں کو ہیکرز یا سائبر کریمینلز کہا جاتا ہے۔ ہیکنگ کے مختلف مقاصد ہو سکتے ہیں جیسے کہ مالی فوائد حاصل کرنا، کوئی حساس معلومات یا ڈیٹا چرانا، جھوٹی باتیں پھیلانا وغیرہ۔


انکل ایک پانی کی
بوتل دے دیں!





تمھارا Email کیا ہے ریان؟
میں کل سے کوشش کر رہا
ہوں، مل نہیں رہا
وہ پرانا والا ہی ہے!
Rayyan201060@gmail.com


CYBERLEAK
LOADING...
بس یہ Email
ہی چاہیئے تھا!




اگلے دن
کیا میں تمہارا لیپ ٹاپ
استعمال کر سکتا ہوں؟
ہاں کیوں نہیں!
PING
کیا آپ گھر بیٹھے انعام جیتنا
چاہیں گے؟
ہاں
نہیں
ہاں!


CYBERLEAK
LOADING




ارے نہیں یہ تو وائرس ہے!
فکر نہیں کرو میرے فون اور سب ڈیوائسیز میں پہلے ہی اینٹی وائرس انسٹال ہے!
ہم ہیکِنگ سے محفوظ ہیں۔






# MISINFORMATION

# مِس اِنفارمیشن



مِس انفارمیشن سے مراد غلط معلومات یا ایسی معلومات ہے جو آپ کو گمراہ کردے۔ ہمیں یہ بات ذہن میں رکھنی چاہئیے کہ انٹرنیٹ پر موجود ہر معلومات درست نہیں ہوتی۔ ہمیں اس بات پر بھی غور کرنا چاہئیے کہ ہم جو مواد دوسرے لوگوں سے شئیر کر رہے ہیں وہ تصدیق شدہ ذرائع سے ہیں یا نہیں۔



Notification
New Message!
Marium C-1
Today
Hello!
Chemistry ke Notes hain?
بلیچ پینا کوویڈ-19 کو شفا دیتا ہے- یہ ایک حیرت انگیز علاج ہے- اپنے پیاروں کے ساتھ اس معلومات کو شیئر کریں
MAMA
MAMA
یہ معلومات تو ہمیں اپنے سارے عزیزوں کو بھیجنی چاہیئے، ماما!
کیا آپ نے اس معلومات کی تصدیق کی ہے؟



کیا مطلب ماما؟
جب ہمیں کوئی نیا پیغام موصول ہو جس کی ہمیں کوئی معلومات نہ ہو تو اس کی سب سے پہلے صحیح ذرائع سے تصدیق کرنی چاہیئے۔
یہ دیکھنے کے لئے کہ شیئر کی گئی بات سچ ہے یا جھوٹ۔
وہ کیسے کرتے ہیں؟
Doodle
کیا بلیچ پینے سے کووڈ COVID 19 کا علاج کیا جا سکتا ہے؟
تازہ ترین رجحان کو ڈیبنک بلیچ کووِڈ
مہاسوں کے لئے بہترین علاج
بلیچنگ پاؤڈر
بلیچ کھایا جا سکتا ہے
کوویڈ 19 کی غلط معلومات
کوویڈ 19 کا علاج
کوویڈ 19 کی غلط معلومات کا شکار
انٹرنیٹ پر وہ چیز جس کے بارے میں بتایا گیا ہے اس کی مصدقہ ذرائع سے تصدیق کریں تاکہ پتہ لگے کہ معلومات واقعی درست ہے یا نہیں۔






# HATE SPEECH
# نفرت انگیز تقاریر



آن لائن نفرت کی تعریف نسل ، مذہب، لسانیت، معذوری یا جنسی بنیادوں پر کسی شخص یا طبقے کے بارے میں نفرت آمیز پوسٹ کے طور پر کی جا سکتی ہے. پی ای سی اے 2016 میں سوشل میڈیا پر نفرت آمیز تقاریر کی وضاحت اس طرح سے ہے "وہ معلومات جو معلوماتی نظام یا ڈیوائسس کے ذریعے بین المذاہب، فرقہ واریت یا لسانی منافرت کے امکان کو بڑھائے یا بڑھانے کی صلاحیت رکھتی ہو.


POSTED!
New Post
تمام خواتین کو میری طرف سے
Happy Women's Day
خواتین ایک مضبوط معاشرے کی
تعمیر میں بہت اہم کردار ادا کرتی
ہیں، گھر بنانے سے لے کر، بچوں کی
پرورش اور کاروبار چلانے تک،
وہ آج ہر محاذ پر ہیں۔
Share
NEW COMMENT
100
100
100


6
لیکن خواتین کی جگہ تو صرف باورچی خانے میں ہے۔ 😂
huh?
what?
What?
پر میں تو صرف۔۔۔
huh?
WHAT!




😂😂 لیکن خواتین کی جگہ تو صرف باورچی خانے میں ہے۔
100
Hahahaha بھائی جلو 🔥🔥🔥
🔥🔥🔥🔥🔥🔥
کیا اپ کو گول روٹی بنانی آتی ہے؟
آپ کے بھائی اور ابّو important نہیں ہے کیا ؟
اس کے بال تو دیکھو گھونسلہ بنا ہوا ہے
مرد زیادہ کام کرتے ہیں!
میں تو صرف Women's Day وِش کر رہی تھی ...
DELETED






# BLACKMAIL
# بلیک میل




آن لائن بلیک میلنگ وہ عمل ہے جس کے ذریعے کسی فرد کو دھمکایا جاتا ہے کہ ان کی ذاتی تصاویر، ویڈیوز یا معلومات عوامی طور پر دوسرے لوگوں کے ساتھ شئیر کر دی جائیں گی جب تک ان کے مطالبات پورے نہ ہوجائیں۔ بلیکمیلرز(Blackmailers) آپ کو منفی نتائج کی دھمکی دے کر بلیک میل کرتے ہیں۔ یہ ایک غیر قانونی اور غیر اخلاقی عمل ہے جس کے ذریعے افراد معاشرتی تنازعات اور ذہنی دباؤ کا شکار ہوسکتے ہیں۔


PING




Hello Sara!


آپ کون ہے؟
Send


کیا ہم دوست بن سکتے ہیں؟ مجھے لگتا ہے آپ
ایک بہت دلچسپ شخصیت ہیں۔
آپ کا نام کیا ہے؟
PING
PING




PING
PING
PING
میں آپ کو دیکھنا چاہتا ہوں۔
کیا آپ کچھ تصاویر شیئر کر سکتی ہیں؟
کیا مجھے ان پر اعتماد
کرنا چاہیئے؟


کیا تم مجھ پر اعتماد نہیں کرتی؟
SEND ATTACHMENT
.....
؟؟؟
میں چاہتا ہوں کہ تم میرا ایک چھوٹا سا کام کردو
جی بتائیں
مجھے آج 50,000 روپے چاہییے




پر میرے پاس تو اتنے پیسے نہیں ہیں!!
اگر تم نے پیسے نہیں دیئے تو میں تمھاری تصاویر کو ہر جگہ پھیلا دوں گا ۔


آپی یہ دیکھیں!!
......
؟؟؟
میں چاہتا ہوں کہ آپ میرے لئے ایک چھوٹا سا کام کریں
جی بتائیں
کیا آپ مجھے پچاس ہزار روپے دے سکتی ہیں؟
میرے پاس اتنے پیسے نہیں ہیں
اگر تم نے پیسے نہیں دیئے تو میں تمہاری تصاویر کو ہر جگہ پھیلا دوں گا۔




سارا، فکر نہ کرو۔ اس مسلے کا حل ہے میرے پاس!
اور وہ کیا ہے، آپی؟
اپنا خوف کسی کے سامنے ظاہر نہیں کرتے، تم جتنا اس کے سامنے خوف ظاہر کروگی، وہ اتنا تمہارا فائدہ اٹھائیں گے اور ڈرائیں گے
اور اس کے علاوہ کیا کرنا چاہئیے، آپی؟
چلو آؤ، ہم ایف آئی اے(FIA) سے رابطہ کرتے ہیں، وہ اس مسئلے کا حل نکالیں گے

بلیک میلنگ سے بچنے کے لئے آپ کو چاہیئےکہ آپ بلیک میلر سے رابطہ نہ کریں اور انہیں یہ ظاہر کرائیں کہ آپ ان کے مطالبات کو پورا نہیں کریں گے اور ان کی دھمکیوں سے آپ کو فرق نہیں پڑتا۔ کسی قابلِ اِعتماد شخص یا دوست کو بتائیں۔
Cyber Crime سے متعلقہ اداروں یا ایف آئی اے سے رابطہ کریں اور مدد طلب کریں۔
سوشل میڈیا پر اپنی ذاتی خفیہ معلومات کو محفوظ رکھیں اور اپنی پروفائل کی سیکورٹی کو بہتر کریں۔






# CYBERBULLYING
# آن لائن ڈرانا دھمکانا




انٹرنیٹ کا استعمال تو سب کو اچھا لگتا ہے لیکن کیا آپ اس سے جڑے خطرات کے بارے میں جانتے ہیں؟ سائبرْ بلینگ وہ عمل ہے جس میں انٹرنیٹ، موبائل یا دیگر الیکٹرانک وسائل کے استعمال کے ذریعےکسی شخص کو تنقید کا نشانہ بنایا جاتا ہے اور اس کی توہین کی جاتی ہے۔ یہ ذہنی تکلیف، بےعزتی اور پریشانی یا دیگر کا سبب بن سکتی ہیں ۔ آن لائن ڈرانے دھمکانے میں عام طور پر انتہائی توہین آمیز یا پرسنل حملوں کا استعمال کیا جاتا ہے تاکہ متاثرہ شخص کو نقصان پہنچایا جا سکے۔ اس سب سے نپٹنے کے لئے لوگوں کو انٹرنیٹ کے منفی اثرات اور ان سے بچنے کے اقدامات کے بارے میں معلومات ہونا بہت ضروری ہے۔


GRADUATION




یہ میری اتنی بڑی کامیابی ہے کہ میں آپ
سب کے ساتھ شیئر کرنا چاہتی ہوں
01 : 30
New Post
Share
Uploading...


3
16
یہ ایسے کیوں ہنستی ہے؟
اس میں کون سی بڑی بات ہے ؟
اس کے بال تو دیکھو گھونسلہ بنا ہوا ہے
اب ڈگری استعمال بھی کر لینا
اس کے چہرے پے دانے تو دیکھو




ابّو میں کیا سچ میں بہت بُری دِکھ رہی ہوں؟
نہیں بیٹا، یہ comments trollers کے ہیں جو آپ کو آن لائن ڈرانا دھمکانا چاہتے ہیں
Digital NEWS


پھر میں کیا کروں؟
اکاؤنٹ پرائیویسی / Account Privacy
پرائیویٹ اکاونٹ
Private Account
رپورٹ
اس کا سب سے اچھا حل یہ ہے کہ اپنے اکاؤنٹ میں پرائیویسی(Privacy) رکھی جائے تا کہ صرف آپ کے دوست احباب یا عزیز آپ کی پوسٹس دیکھ سکیں اور نفرت انگیز کمنٹس کو رپورٹ کیا جا سکے۔
سائبر بُلینگ سے بچنے کے لئے اپنی سوشل میڈیا پرائیویسی کا خیال رکھیں۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز یا ویب سائٹس کے reporting tools کا استعمال کریں۔ مدد مانگنے سے نہ ہچکچائیں۔ اپنی ذاتی معلومات کسی بھی انجان شخص کے ساتھ بلکل شیئر نہ کریں۔ سوشل میڈیا پر اپنی رائے دینے سے گریز کریں۔
Digital